For Immediate Release

Date: 10 April 2014
Ref.No. MP/ILM/-10042014
Media Contact:Ghulam Mehdi
Contact No. +92-322-5000934
Email: media@mishal.com.pk
Website: www.mishal.com.pk
Twitter: @MishalPakistan

پریس ریلیز

حیدرآباد میں 27 فیصد بچے سکولوں سے باہر ہیں

میڈیا کو تعلیم کے شعبہ میں سیاسی مداخلت کی بھی نشاندہی کرنی چاہیے۔علم وآگاہی ورکشاپ

حیدرآباد(10 اپریل 2014)تعلیم سندھ حکومت کی بنیادی ترجیح ہونی چاہیے پاکستان میں ہر چار گھوسٹ سکولوں میں سے تین سکول سندھ میں پائے جاتے ہیں۔میڈیا کو تعلیم کے شعبہ میں سیاسی مداخلت کی بھی نشاندہی کرنی چاہیے۔ان نقاط پر مشعل پاکستان کی طرف سے حیدرآباد کے صحافیوں کے لئے منعقد ہونیوالی علم وآگاہی تعلیمی صحافت کی ورکشاپ میں شرکاء میں اتفاق رائے پایا گیا۔

صدر حیدرآباد و پریس کلب اشفاق منگریو نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کے شعبہ پر توجہ دے کر ہم اپنے نظام کو راہ راست پر لا سکتے ہیں اور صحافیوں کو تعلیم کے شعبہ میں سیاسی مداخلت کی نشاندہی کرنا چاہیے خواتین کو تعلیمی صحافت میں آنے کی اشد ضرورت ہے پاکستان کا میڈیا معاشرے مین معیاری تعلیم کی ضرورت پر زور دینے کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کر سکتا ہے

سابق ریجنل ڈپٹی ڈائریکٹر برائے نجی ادارہ جات حیدرآباد ریجن شاہدہ پروین ابرو نے تعلیم کے شعبہ کے موجودہ صورت حال اور درپیش چیلنجز کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 37 کے تحت ریاست کو کم سے کم عرصہ میں ناخواندگی کا خاتمہ کر کے ثانوی تعلیم کی مفت اور لازمی فراہمی تیکنیکی اور پیشہ ورانہ تعلیم کی ہر سطح پر دستیابی اور میرٹ کی بنیاد ہر فرد کے لئے اعلی تعلیم کے یکساں مواقع پیدا کرنا چاہیے۔

ادارہ تعلیم وآگاہی کے نمائندہ ممتاز علی پیرزادہ نے سالانہ تعلیمی رپورٹ 2013 کے نتائج بیان کرتے ہوئے کہا کہ حیدرآباد میں چار میں سے صرف 1 بچہ انگریزی کا جملہ پڑھ سکتا ہے جبکہ 6 سے 16 سال تک کی عمر کے بچوں کا سیکھنے کا عمل بہت کمزور ہے 70 فیصد بچے اور 30 فیصد بچیاں سرکاری سکولوں میں داخل ہیں جبکہ پرائیویٹ سکولوں میں یہ تعداد 49 فیصد اور 51 فیصد ہے

علم وآگاہی کے پروگرام مینجر آصف فاروقی نے کہا کہ سندھ میں تعلیم کے شعبہ پر صرف ہونیوالا بجٹ ضرورتوں کے حساب سے بہت محدود ہے پورے صوبے سندھ میں 77 فیصد سرکاری سکولوں کی عمارتیں غیر تسلی بخش حالت میں ہیں جبکہ صوبے بھر کے سکولوں میں سے نصف سکول ٹائلٹ جیسی بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ ترقیاتی پروگرام کی انسانی ترقیاتی رپورٹ برائے 2013 کے مطابق عوامی اصراف میں عالمی سطح پر 187 ممالک میں سے 177 ویں نمبر پر ہے پاکستان GDP کا 2 فیصد تعلیم پر خرچ کرتا ہے۔

سپریم کورٹ کے گھوسٹ اور غیر فعال سکولوں کے حالیہ جائزے کے مطابق ٹھٹھہ اور تھرپارکر میں گھوسٹ اور غیر فعال سکولوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے معاشرے کے ہر طبقہ کو سندھ میں شعبہ تعلیم کی بہتری کے لیے مل کر کوشش کرنی چاہیے کیونکہ معیاری تعلیم ہی آنیوالی نسلوں کی تقدیر کا فیصلہ کرتی ہے۔
ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد مشعل پاکستان نے علم آئیڈیاز (3 سالہ برطانوی ترقیاتی ادارہ کے پروگرام) کے تحت کیا تھا جس میں اخبار، ٹیلیوژن، ریڈیو اور آن لائن جرنلزم سے منسلک 30 سے زیادہ صحافیوں کے ورکشاپ میں شرکت کی۔

الف اعلان کے تعلیمی اعداد وشمار کے مطابق سندھ میں پانچ سے سولہ سال تک کی عمر کے کل 12 ملین بچے ہیں جن میں سے 6.1 ملین یعنی نصف بچے سکولوں سے باہر ہیں جن میں سے آدھی تعداد لڑکیوں کی ہے۔

Mishal Pvt. Ltd.
250-B, Northern Service Road
Sector E-11/3, Islamabad
Tel: +92 51 8439251
Fax: +92 51 2228559
Email: info@mishal.com.pk

MISHAL
مشعل

عدنان فاروقی سینئر ماہر ابلاغیات نے سوشل میڈیا کے ذریعے کہانی بیان کرنے کے فن کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا آج کا دور سوشل میڈیا کا دور ہے اور شہری صحافت کی آمد نے صحافتی منظر نامہ ہی تبدیل کر دیا ہے جس میں ہر شہری کسی نہ کسی طرح خبر کی تشہیر میں شامل ہوتا ہے۔

علم و آگاہی اقدام کے ذریعے پورے پاکستان کے مختلف شہروں میں تعلیمی صحافت پر ورکشاپس کا انعقاد کیا جائے گا ان ورکشاپس کا مقصد صحافیوں کی استعداد کار کو بہتر بنا کر تعلیم کے مسائل کو میڈیا میں اجاگر کرنا ہے ہر علاقے سے 30 صحافیوں کو ایک ورکشاپ کے لیے منتخب کیا جائے گا تاکہ تعلیم کے شعبے کے اہم مسائل کی نشاندہی کر کے ان مسائل کی تفہیم کو بہتر بنایا جائے اور ان مسائل پر رپورٹنگ کرتے وقت کمیونٹی کے نقطہ نظر اور دیگر عوامل کو بھی مدنظر رکھا جائے۔

مشعل پاکستان بین الاقوامی میڈیا کی اخلاقیات کے لیے مرکز اور عالمی اقتصادی فورم کے عالمی مسابقتی اور بینچ مارکنگ نیٹ ورک کا پارٹنر ادارہ ہے، مشعل بنیادی صحت اور تعلیم سمیت پاکستان کو درپیش مسابقتی چیلنجز کی شناخت کرنے میں فورم کی معاونت کرتا ہے۔

Pvt. Ltd.
Northern Service Road
E-11/3, Islamabad
2 51 8439251
2 51 2228559
nfo@mishal.com.pk